فوری ریلیز کے لیے: 2024/2/2

KATHY HOCHUL گورنر

گورنر HOCHUL نے موسمیاتی اثرات کی تشخیص کے لئے ریاست نیویارک کے تکنیکی ابواب کے اجراء کا اعلان کر دیا

انہوں نے ماحولیاتی تبدیلیوں کے اثرات کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت بہتر بنانے اور انکے لئے تیار رہنے کے لیے 2024 اسٹیٹ آف دی اسٹیٹ اقدام پیش کر دیا

اس سے ریاست کی قومی سطح والے ماحولیاتی قیادت اور کمیونٹی تحفظ ایکٹ کی حمایت ہو رہی ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج ہماری بدلتی ہوئی آب و ہوا کو سمجھنا اور اسکا مقابلہ کرنے کی تیاری کرنا کے عنوان سے ایک مطالعے کے اجراء کا اعلان کیا، جس سے نیو یارک کے باشندوں کو موسمیاتی تبدیلیوں کے مقابلے کے لئے تیار کرنے اور مطابقت پذیری بہتر بنانے کے لئے اعداد و شمار اور معلومات فراہم کرنے والی انکی سوچ جاری و ساری ہے۔ یہ کثیر سالہ سائنسی مطالعہ، جو موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کے لیے پوری ریاست پر محیط لچکداری اور تیاری بڑھانے کے لیے 2024 کے ریاستی اقدام کو مہمیز دے رہا ہے، اس میں آٹھ تکنیکی ابواب ہیں جن میں یہ بتایا گیا ہے کہ مختلف اقتصادی شعبے بڑھتے ہوئے درجہ حرارت اور شدید موسمی صورتحال کی بڑھتی ہوئی تعداد سے کیسے نمٹ سکتے ہیں۔ آج کا یہ اعلان ریاست کے قومی سطح والے ماحولیاتی قیادت اور کمیونٹی تحفظ ایکٹ کے نفاذ کی حمایت کر رہا ہے۔

"نیو یارک میں رہنے والے ہماری بدلتی ہوئی آب و ہوا کی وجہ سے آنے والے طوفانوں، شدید گرمی اور سیلاب کے تباہ کن اثرات کو اچھی طرح جانتے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ہم نیویارک میں رہنے والوں، کاروباروں، میونسپلٹیوں اور صنعتوں کو کمیونٹی کی مطابقی پذیری اور لچکداری بہتر بنانے کے لیے درکار معلومات اور ٹولز سے مسلح کر رہے ہیں جبکہ انکی مضر اخراج میں کمی لانے والی کاروائیاں اسی طرح جاری رہیں گی۔"

نیویارک اسٹیٹ انرجی ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی (New York State Energy Research and Development Authority, NYSERDA) کے زیرقیادت منعقد کیا جانے والا یہ مطالعہ تعلیمی اداروں، سائنسی تنظیموں، میونسپلٹیوں، کمیونٹی رہنماؤں، صنعتی نمائندوں اور ریاست نیویارک کی ایجنسیوں اور حکام کے باہمی تعاون کے ساتھ مکمل ہوا۔ یہ تکنیکی ابواب ماحولیاتی تبدیلی کا عمیق اور تفصیلی مشاہدہ اور مندرجہ ذیل آٹھ سیکٹرز پر انکے ممکنہ اثرات کا جائزہ پیش کر رہے ہیں: زراعت، عمارات، ماحولیاتی نظام، توانائی، انسانی صحت اور حفاظت، معاشرہ اور معیشت، نقل و حمل، اور آبی وسائل۔ یہ ابواب آٹھ الگ الگ تکنیکی ورکنگ گروپس کی قیادت میں سیکٹر کے ماہرین اور پوری ریاست اور ملک پر محیط متنوع کمیونٹیز اور حلقوں کے نمائندگان کی طرف سے تیار کیے گئے تھے جن میں کیلیفورنیا، میری لینڈ، میساچوسٹس، نیو جرسی، انڈیانا اور ٹیکساس کے ساتھ ساتھ کینیڈا اور اصل مقامی برادریوں کے اراکین شامل تھے۔ یہ ابواب *Annals of the New York Academy of Sciences* نامی تعلیمی جریدے میں اشاعت کے لیے جمع کروائے جائیں گے۔

NYSERDA کی صدر اور سی ای او Doreen M. Harris نے کہا، "NYSERDA کو یہ سائنسی مطالعہ تیار کرنے کے لیے مقامی، علاقائی اور قومی ماہرین کے ایک وسیع تر نیٹ ورک کے ساتھ کام کرنے پر فخر ہے، اور توقع ہے کہ اس مطالعے کو لچکداری اور مطابقت پذیری کی حکمت عملیوں کو شامل کرنے کے لیے منصوبہ بندی

کے وسائل کے طور پر استعمال کیا جا سکے گا۔ اب جبکہ ہماری ریاست صفر اخراج کی پالیسیوں میں پیشرفت کر رہی ہے اور ان جدید ٹیکنالوجیوں کی حمایت کر رہی ہے جو موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے میں مدد دیں گی، تو ہمیں اپنی کمیونٹیز پر شدید موسمی حالات کے سماجی اور اقتصادی اثرات کو کم کرنے کے لیے بھی مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے۔"

مطالعہ کا وہ حصہ جو موسمیاتی تبدیلیوں کی پروجیکشنز پر مرکوز تھا اسے ریاست نیویارک کے لیے جنوری کے اوائل میں جاری کر دیا گیا تھا اور اس میں اس بارے میں ڈیٹا اپ ڈیٹ کیا گیا تھا کہ آب و ہوا کس طرح بدل چکی ہے اور یہ کس طرح اور بھی بدلتی رہے گی۔ کولمبیا یونیورسٹی کی جانب سے تیار کردہ یہ تخمینے ان جدید ترین کمپیوٹر ماڈلز کی بنیاد پر درجہ حرارت، بارش، انتہائی شدید موسم اور سطح سمندر کا پتہ لگاتے ہیں جو سائنس دانوں نے اس بات کی نقالی کرنے کے لیے تیار کیے ہیں کہ زمین کا ماحول، سمندر اور دیگر زمینی خصوصیات گرمی کو پھنسانے والی ان گرین ہاؤس گیسوں کی مقدار پر کیا ردعمل دیتی ہیں جو اوپری فضا میں بن رہی ہیں۔ یہ کام گورنر Hochul کے اس جامع لچکدار منصوبے, کی حمایت کر رہا ہے جسکا اعلان انہوں نے اس سال کے سٹیٹ آف دی سٹیٹ میں کیا تھا جسکے ذریعے نیو یارک باسیوں کو شدید موسم سے بچانے اور موسمیاتی تبدیلیوں کے نتیجے میں ہونے والی شدید بارشوں، برفانی طوفانوں، سخت گرمی اور کڑکڑاتی سردی کے حملوں کا مقابلہ کرنے کے لیے تیار کیا جائے۔

ریاست نیو یارک کے محکمہ تحفظ ماحولیات (Department of Environmental Conservation) کے کمشنر اور ماحولیات سہولتی کارپوریشن کے بورڈ چیئر Basil Seggos نے کہا، "بدلتی ہوئی آب و ہوا کے اثرات نیو یارک اور اس سے کہیں آگے انتہائی موسمی واقعات کی بڑھتی ہوئی تعداد کے ساتھ پھیلے ہوئے ہیں جنگی وجہ سے سیلاب، خطرناک گرمی، اور سخت متاثر ہونے والے بنیادی ڈھانچے کو نقصان پہنچا ہے۔ نیو یارک کا موسمیاتی اثرات کا جائزہ (Climate Impacts Assessment) ایسی اضافی معلومات فراہم کر رہا ہے جن سے نیو یارک کے باشندوں کو ماحولیاتی تبدیلیاں اپنانے اور انکا مقابلہ کرنے میں مدد کے لیے لچکداری بہتر بنا کر ہماری گرین ہاؤس گیسوں کے مضر اخراج کم کرنے والے اقدامات کرکے موسمیاتی بحران سے نمٹنے کے لیے ضروری سرمایہ کاریاں کرنے اور بہتری لانے کی کوششوں کو آگے بڑھایا جا سکے۔"

SUNY کے چانسلر John B. King, Jr نے کہا، "ہمارے سیارے کی حفاظت کی ضرورت ناقابل یقین حد تک فوری حیثیت اختیار کر چکی ہے، اور گورنر Hochul نیویارک ریاست کو زیادہ پائیدار مستقبل کی جانب لے جا رہی ہیں۔ SUNY کو ان کوششوں کے وسط میں ہونے پر فخر ہے، اپنے کاربن فوٹ پرنٹ کو کم کرنے سے لے کر مستقبل کی گرین ورک فورس کی تیاری تک اور موسمیاتی تبدیلی اور قابل تجدید توانائی پر اہم تحقیق کرنے تک۔ میں اس مطالعے کے انعقاد، صاف توانائی کے اہداف حاصل کرنے کے لیے انکے عزم، اور تحقیق اور تعلیم میں انکی مسلسل جاری سرمایہ کاری کے لیے کے لیے گورنر کا شکریہ ادا کرتا ہوں جسکے ذریعے وہ موسمیاتی تبدیلی کے نتائج کم اور لچکداری کو فروغ دے رہی ہیں۔"

ریاست نیو یارک کے محکمۂ صحت (Department of Health) کے کمشنر ڈاکٹر James McDonald نے کہا، "نیو یارک والوں نے گزشتہ موسم گرما میں موسمیاتی تبدیلی کے براہ راست اثرات کو بہت شدت سے محسوس کیا تھا جب کینیڈا کے جنگل کی آگ سے یہاں پہنچنے والے دھوئیں نے ریاست کو ڈھانپ لیا تھا جس کی وجہ سے ہوا کا معیار خراب ہوا اور میڈیکل ہنگامی صورتحال کا خطرہ بڑھ گیا۔ گورنر Hochul کی مسلسل حمایت کے ساتھ، یہ انتہائی ضروری ہے کہ ہم موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات اور ان واقعات سے منسلک صحت عامہ کے خطرات کا بنظرِ غائر مطالعہ کریں۔ باہمی تعاون اور شواہد پر مبنی یہ مطالعہ ان عام فہم اور دانشمندانہ پالیسیوں اور سفارشات کو مزید آگاہی دے گا جو نیویارک کے شہریوں کی صحت اور بہبود کو اولیت دیتی ہیں۔"

ریاستی سینیٹر Peter Harckham نے کہا، "موسمیاتی اثرات کی تشخیص یہ امر یقینی بنانے میں مدد کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے کہ نیو یارک والوں کے پاس موسمیاتی تبدیلیوں کی شدت اور موسمیاتی لچکداری مضبوط کرنے کی ضرورت سمجھنے کے لیے ضروری معلومات موجود ہوں۔ آب و ہوا کا مقابلہ کرنے والی لچکداری بہتر بنانے میں اس بات کا اندازہ لگانا بھی شامل ہے کہ موسمیاتی تبدیلیاں آب و ہوا سے متعلق نئے خطرات کس طرح پیدا کریں گی یا موجودہ خطرات کو کس طرح تبدیل کریں گی اور ان خطرات سے بہتر طور پر نمٹنے کے لیے کیا اقدامات کیے جائیں گے۔ ہر شخص کو خود کو آگاہ رکھنا چاہیے کہ موسمیاتی تبدیلیاں روزمرہ کی زندگی پر کیسے اثر انداز ہوں گی اور

انکا مقابلہ کرنے کی تیاری کیسے کرنی چاہیے۔ میں گورنر اور ان کی ٹیم کا انکے اس اہم کام کے لیے شکریہ ادا کرتا ہوں۔"

اسمبلی ممبر Deborah Glick نے کہا، "مجھے ایک ایسی ریاست میں رہنے پر فخر ہے جو موسمیاتی تبدیلیوں کو تسلیم کرتی ہے اور گورنر Hochul، نیویارک اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ آف انوائرمینٹل کنزرویشن (New York State Department of Environmental Conservation)، اور نیویارک اسٹیٹ انرجی ریسرچ اور ڈویلپمنٹ اتھارٹی (New York State Energy Research and Development Authority) موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کے لیے آگے کی سوچ والی حکمت عملیاں تیار کرنے پر مرکوز ہے۔ یہ انمول معلومات نیویارک کو ایک زیادہ پائیدار اور مستحکم معاشرہ بنانے والے حل کو درست سمت فراہم کریں گی۔"

New York State Association of Counties کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر Stephen J. Acquario نے کہا، "ہم گورنر Hochul کے اس عزم مصمم کے معترف ہیں جو وہ نیویارک ریاست کے موسمیاتی اثرات کی تشخیص کے اجراء کے ذریعے موسمیاتی تبدیلیوں کے اہم مسئلے کو حل کرنے کے لئے رکھتی ہیں۔ یہ جامع تجزیہ جو تازہ ترین سائنسی تحقیق پر مبنی ہے، ہماری کمیونٹیز کو موسمیاتی تبدیلی سے پیدا ہونے والے چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے درکار علم سے آراستہ کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ مطابقت پزیری اور لچکداری کے لیے قابل عمل بصیرت اور حکمت عملیاں فراہم کرکے یہ تجزیہ نہ صرف پوری ریاست کے رہائشیوں، کاروباروں اور فیصلہ سازوں کو بااختیار بنا رہا ہے بلکہ موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کو کم کرنے کے لیے فعال اقدامات کرنے کی اہمیت کو بھی اجاگر کر رہا ہے۔ ہم اپنے اراکین کے ساتھ کام کرنے کے منتظر ہیں تاکہ نیویارک کے تمام شہریوں کے لیے ایک زیادہ لچکدار اور پائیدار مستقبل بنانے کے لیے اس وسیلے سے فائدہ اٹھایا جا سکے۔"

کارنیل یونیورسٹی کے کالج آف ایگریکلچر اینڈ لائف سائنسز کے ڈین Ronald P. Lynch اور Benjamin Houlton نے کہا، "نیو یارک کے رہائشی موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات کا حقیقی وقت میں سامنا کر رہے ہیں — جنکی وجہ سے ہماری ریاست کے زرعی خوراک کے شعبے میں اور ہماری روزمرہ زندگی کے ہر پہلو پر اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ لیکن، ہم اپنی دنیا کی بدلتی ہوئی ضروریات کے مطابق خود کو ڈھالنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ ہم اپنی کمیونٹیز کو ان تبدیلیوں کے لیے تیار کرنے کے لیے گورنر Hochul کے مسلسل جاری عزم مصمم کے شکر گزار ہیں۔ نیو یارک کے لینڈ گرانٹ ادارے کے طور پر، Cornell CALS کو نیویارک کے باشندوں کو موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کے لیے تیار کرنے اور ترقی کی منازل طے کرنے کے لیے مقابلہ کرنے والی حکمت عملیوں میں ان کی مدد کرنے کے لیے اپنی اجتماعی مہارت کو سامنے لانے والا یہ موقع ملنے اور اس سے استفادہ کرنے پر فخر ہے۔"

Architect+lab کے پرنسپل اور New York City College of Technology کی پروفیسر Illya Azaroff نے کہا، "ریاست نیو یارک کا کلائمیٹ امپیکٹ اسسمنٹ (Climate Impact Assessment) ایک ضروری قدم اور غیر معمولی وسیلہ ہے، نہ صرف ریاست کے لیے بلکہ پوری ریاست کی کمیونٹیز کے لئے بھی، تاکہ ان میں لچکداری کی صلاحیت پیدا ہو اور یہ بات سمجھی جا سکے کہ مستقبل میں کی جانے والی ہر سرمایہ کاری مساوات اور ایسی مکمل کمیونٹیز تخلیق کرتی ہے جو ان متوقع رکاوٹوں میں بھی ترقی کر سکیں گی جنکا ہم سامنا کریں گے۔"

اس مطالعہ میں فراہم کردہ ڈیٹا اور معلومات موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نمٹنے کے لیے اقدامات کرنے کی اہمیت کو واضح کر رہی ہیں۔ قابل تجدید توانائی کی تنصیب، عمارتوں اور نقل و حمل کے نظام کو برقی بنانا، اور توانائی کی کارکردگی میں اضافہ کرنے جیسے حل سبھی گرین ہاؤس گیسوں میں کمی لانے اور نیویارک کی کمیونٹیز پر پڑنے والے متعلقہ اثرات کو کم کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ ریاست نیو یارک کے ماحولیاتی اثرات کے تجزیے کا تیسرا حصہ اس سال کے آخر میں جاری کیا جائے گا جس میں نیویارک ریاست میں ممکنہ اقتصادی اثرات کا تجزیہ کیا جائے گا۔

ریاست نیویارک کا پورے ملک کی قیادت کرنے والا ماحولیاتی منصوبہ

ریاست نیو یارک کے ماحولیاتی ایجنڈا میں ایک منظم اور منصفانہ منتقلی کا مطالبہ کیا گیا ہے جو گھرانوں کے لیے

پائیدار ملازمتیں پیدا کرے، تمام شعبوں میں سرسبز معیشت کو فروغ دے، اور اس بات کو یقینی بنائے کہ صاف توانائی کی سرمایہ کاریوں کے کم از کم 35 فیصد فوائد کا رخ، جنکا مستقبل کا ہدف 40 فیصد ہو، غریب و پسماندہ کمیونٹیز کی جانب رکھا جائے۔ موسمیاتی اور صاف توانائی سے متعلق ملک کے بعض انتہائی پُرعزم اقدامات سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے، نیویارک کیپ اینڈ انویسٹ پروگرام (New York Cap-and-Invest program, NYCI) اور دیگر تکمیلی پالیسیوں سمیت کاوشوں کے ایک سلسلے پر پیشرفت کر رہا ہے - جن کے ذریعے گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو 1990 کی سطح سے 2030 تک 40 فیصد اور 2050 تک 85 فیصد تک کم کیا جائے گا۔ نیو یارک سنہ 2040 تک کاربن کے صفر اخراج والے بجلی کے شعبے کے حصول کی راہ پر بھی گامزن ہے، جس میں 2030 تک 70 فیصد قابلِ تجدید توانائی کی پیداوار اور وسط صدی تک معیشت کو کاربن سے پاک کرنے جیسے اقدامات شامل ہیں۔ نیو یارک کی جانب سے صاف توانائی پر بے مثال سرمایہ کاریاں کرنا اس انقلابی تبدیلی کا ایک کلیدی سنگِ بنیاد ہے، جس میں پوری ریاست میں بڑے پیمانے والے 64 قابلِ تجدید اور ٹرانسمیشن پروجیکٹس میں 40$ بلین سے زائد، عمارتوں سے ہونے والے مضر اخراجوں کو کم کرنے کے لیے 6.8$ بلین، شمسی توانائی کا حجم بڑھانے کے لیے 3.3$ بلین، صاف نقل و حمل والے اقدامات کے لیے 3$ بلین سے زائد، اور NY Green Bank کے وعدوں کی مد میں 2$ بلین سے زیادہ کی سرمایہ کاریاں شامل ہیں۔ یہ اور دیگر سرمایہ کاریاں سال 2022 میں نیو یارک کے صاف توانائی کے شعبے میں 170,000 سے زائد ملازمتوں کی معاونت کر رہی ہیں اور سال 2011 کے بعد سے تقسیم شدہ شمسی شعبے میں 3,000 فیصد سے زیادہ کی ترقی لا رہی ہیں۔ گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی اور ہوا کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے، نیو یارک نے صفر اخراج کرنے والی گاڑیوں کے ضابطے بھی بنائے ہیں، جن کے تحت 2035 تک پابند بنایا جائے گا کہ ریاست میں فروخت کی جانے والی تمام نئی مسافر گاڑیاں اور لائٹ ڈیوٹی ٹرکس صفر اخراج کرتے ہوں۔ 400 رجسٹر شدہ اور 130 سے زائد مصدقہ موسمیاتی اسمارٹ کمیونٹیز، تقریباً 500 صاف توانائی والی کمیونٹیز، اور ریاست بھر میں 10 پسماندہ کمیونٹیز میں فضائی آلودگی کی نگرانی کرنے اور اسے بتدریج ختم کرنے والے ریاست کے سب سے بڑے کمیونٹی اقدامات کے ذریعے نیو یارک کے ماحولیاتی اقدامات میں مزید تیزی لانے کے لیے شراکت داریاں کی جا رہی ہیں، تاکہ فضائی آلودگی اور موسمیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے والے اپنے اہداف کے حصول میں مدد مل سکے۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں